پریس ریلیز

(Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

# صحت

## 6% پاکستانیوں نے اپنے یا اپنے گھرانے کے کسی فرد کے ڈپریشن جیسی بیماری میں مبتلا ہونے کی اطلاع دی، شہری علاقوں (3%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے (8%) جوابدہندگان میں اس حوالے سے زیادہ شرح پائی گئی۔

(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،


(اسلام آباد)، 14 فروری، 2022

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 6% پاکستانیوں نے یہ دعویٰ کیا کہ وہ اپنے گھرانے میں کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں جو ڈپریشن جیسی بیماری میں مبتلا ہے، شہری علاقوں (3%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے (8%) جوابدہندگان میں اس حوالے سے زیادہ شرح پائی گئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتایئے کہ کیا خدانخواستہ آپ یا آپ کے گھرانے کا کوئی فرد مندرجہ ذیل میں سے کسی بیماری میں مبتلا ہے؟ ڈپریشن** "۔اس سوال کے جواب میں 6% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" وہ یا اُن کے گھرانے کا کوئی فرد ڈپریشن جیسی بیماری میں مبتلا ہے، 84% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" وہ یا اُن کے گھرانے کا کوئی بھی فرد ڈپریشن جیسی بیماری میں مبتلا نہیں ہے ، جبکہ 4% جوابدہندگان کو اس حوالے سے معلوم نہیں، تاہم 6% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ ان اعداد و شمار سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان میں تقریباً 6 ملین مریض ایسے ہیں جو ڈپریشن میں مبتلا ہیں۔ ملک میں طبیبِ نفسیات اور ماہرینِ نفسیات کی کمی کی وجہ سے یہ شرح تشویشناک ہے اور اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ ڈپریشن کے وہ کیسز ہو سکتے ہیں جن کا علاج نہ کیا گیا ہو۔

**" برائے مہربانی بتایئے کہ کیا خدانخواستہ آپ یا آپ کے گھرانے کا کوئی فرد مندرجہ ذیل میں سے کسی بیماری میں مبتلا ہے؟ ڈپریشن۔"**


**پاکستان بھر سے**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:

شہری علاقوں (3%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے (8%) جوابدہندگان کی زیادہ شرح نے اس بات کا دعویٰ کیا کہ وہ اپنے گھرانے میں کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں جو ڈپریشن جیسی بیماری میں مبتلا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1865 مرد و خواتین سے 22 دسمبر 2021 تا 15 جنوری 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, February 14, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)